# جنرل ہسپتال کے گائنی آؤٹ ڈور میں خواتین کیلئے کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر کا قیام

## خواتین آبادی کا نصف سے زائد ہیں، وہ خاندان کی صحت کی ضامن ہوتی ہیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

## ماں صحت مند ہوگی تو پیدا ہونیوالے بچے توانا اور معذوری سے مبرا ہونگے: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 2 نومبر :...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ خواتین پاکستان کی آبادی کا نصف سے زائد ہیں اور اُن کی صحت کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کیونکہ خواتین صرف اپنی ہی نہیں بلکہ پورے خاندان کی صحت کی ضامن ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماں صحت مند ہوگی تو پیدا ہونے والے بچے بھی توانا اور ہر قسم کی معذوری سے مبرا ہوں گے جو صحت مند معاشرے کی تشکیل کا بنیادی ستون ہے اور ہسپتالوں میں اسی مقصد کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

ان خیالات کا اظہار پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال کے گائنی آؤٹ ڈور میں مریض خواتین کی سہولت کے لئے قائم ہونے والے ویکسی نیشن کاؤنٹر کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کے ہیلتھ ویژن کی روشنی میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات بہم پہنچائی جا رہی ہیں اور حکومت نے اس ضمن میں وافر فنڈز مختص کیے ہیں جبکہ نئے ہسپتالوں کی تعمیر سے عوام کو بہت بڑا ریلیف حاصل ہوگا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ گائنی آؤٹ ڈور میں روزانہ 300 کے لگ بھگ خواتین علاج معالجے کی غرض سے جنرل ہسپتال آتی ہیں جن کے لئے ویکسی نیشن کا الگ انتظام کیا گیا ہے تا کہ بغیر کسی دشواری کے ان خواتین کو کورونا کے خلاف ویکسی نیٹ کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایل جی ایچ انتظامیہ کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ آنے والے مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات مہیا کی جائیں اور صحت عامہ کو بھی بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں کورونا پر موثر طور پر قابو پانے کیلئے کوشش کی جا رہی ہے اور اسی امر کو یقینی بنانے کے لئے گائنی آؤٹ ڈور میں ویکسی نیشن کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ جنرل ہسپتال میں شہریوں کے لئے قائم ویکسی نیشن کاؤنٹر 24 گھنٹے کھلا ہے اور لوگ اس سہولت سے بھر پور طور پر مستفید ہو رہے ہیں جبکہ گائنی آؤٹ ڈور میں قائم خواتین کا خصوصی کاؤنٹر سہ پہر ساڑھے 4 بجے تک کھلا رہے گا۔اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ریاض حفیظ، ڈاکٹر آصف جاوید، ڈاکٹر ثمینہ توفیق، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر شبنم، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ رقیہ بانو، عارفہ رحمان و دیگر بھی موجود تھے۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال کے گائنی آؤٹ ڈور میں خواتین کے
کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر کا افتتاح کررہے ہیں